# 2021

# URDU—HONOURS

## Paper: CC–3

## Full Marks : 65

*The figures in the margin indicate full marks.*

*Candidates are required to give their answers in their own words as far as practicable.*

.1 درج ذیل سوالات میں سے کسی دس (۱۰) کے جواب لکھئے۔ 2×10=20

(i) دو اہم قصیدہ نگاروں کے نام لکھئے۔

(ii) قصیدہ کے اجزائے ترکیبی میں سے کسی دو کے نام لکھئے؟

(iii) ذوق کی ولادت کب اور کہاں ہوئی؟

(iv) دو اہم مرثیہ نگاروں کے نام لکھئے۔

(v) ''تضحیک روزگار'' کیا ہے اور یہ کس کی تخلیق ہے؟

(vi) میر انیس کہاں کے رہنے والے تھے اور وہ کس صنف کے لیے مشہور ہیں؟

(vii) مرزا دبیر کی وفات کب اور کہاں ہوئی؟

(viii) مرثیہ کے دو اقسام کے نام بتائیے۔

(ix) دبستانِ دہلی کے کسی دو مرثیہ نگاروں کے نام بتائیے۔

(x) ''جب شامیوں میں صبح کی نوبت کا غل ہوا''

اس مصرع کا تعلق کس صنف سے ہے اور شاعر کا نام کیا ہے؟

(xi) ''ہے آج یوں خوش نماں نور سحر رنگ شفق''

اس شعر کو مکمل کیجئے۔ اور شاعر کا نام بتائیے۔

(xii) ''موازنہ انیس و دبیر'' کس کی تخلیق ہے اور اس کا موضوع کیا ہے؟

(xiii) قصیدہ کس زبان کا لفظ ہے اور اس کا مطلب کیا ہے؟

**2.** درج ذیل سوالات میں سے کسی تین (۳) کے جواب لکھئے۔ 10×3=30

(i) مرثیہ کی تعریف کرتے ہوئے اس کے اجزائے ترکیبی بیان کیجئے۔

(ii) میر انیس کو بحیثیت مرثیہ نگار پیش کیجئے۔

(iii) مرزا محمد رفیع سودا کو بحیثیت قصیدہ گو پیش کیجئے۔

(iv) ''قصیدہ در تضحیک روزگار'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے۔

(v) شمالی ہند میں قصیدہ نگاری کے آغاز وارتقاء سے بحث کیجئے۔

**3.** درج ذیل سوالات میں سے کسی تین (۳) کے جواب لکھئے۔ 5×3=15

(i) قصیدے کے اجزائے ترکیبی بیان کیجئے۔

(ii) مرزا دبیر کی مرثیہ نگاری کا جائزہ لیجئے۔

(iii) اردو میں مرثیہ نگاری کی روایت پر مختصر نوٹ لکھئے۔

(iv) دنیا سے کوچ کر گئے عباس نامدار     اب بے چراغ ہے لحد شیر کردگار
حضرت کا شکر و صبر ہے عالم پہ آشکار     مثل خلیل کیجئے فرزند کو نثار
آہیں نہ بھرئے پیٹ کے سر کو نہ روئیے
جب جانیں ہم کہ کھو کے پسر کو نہ روئیے

(v) اس مرتبے کو بھوک سے پہنچا ہے اس کا حال
کرتا ہے راکب اس کا جو بازار میں گذار
قصاب پوچھتا ہے مجھے کب کروگے یاد
امیدوار ہم بھی ہیں کہتے ہیں یوں چمار